روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 18 جنوری 2010ء .... 1431 ہجری 18 صلح 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 14

پہلی وحی

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب مجھ پر پہلی دفعہ فرشتہ نازل ہوا اور اس نے کہا پڑھو تو میں نے کہا میں تو ہرگز نہیں پڑھوں گا۔ اس پر اس نے مجھے پکڑا اور مجھے اس قدر بھینچا کہ مجھے مقابلہ کی طاقت نہ رہی اور کہا پڑھو۔ ایسا تین بار ہوا۔ اس کے بعد فرشتے نے سورۃ العلق کی ابتدائی آیات مجھے پڑھائیں۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر:3)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

وحی کے اقسامِ ثلاثہ میں سے اکمل اور اتم وہ وحی ہے جو علم کے تیسری قسم میں داخل ہے جس کا پانے والا انوارِ سُبحانی میں سراپا غرق ہوتا ہے اور وہ تیسری قسم حق الیقین کے نام سے موسوم ہے۔.......... پہلی قسم وحی یا خواب کی محض علم الیقین تک پہنچاتی ہے جیسا کہ ایک شخص اندھیری رات میں ایک دھواں دیکھتا ہے اور اُس سے ظنّی طور پر استدلال کرتا ہے کہ اس جگہ آگ ہوگی اور وہ استدلال ہرگز یقینی نہیں ہوتا.......... پس یہ علم ایک عقلمند کو اُس کے ظنوں سے رہائی نہیں بخش سکتا اور اُس کو کوئی ترقی نہیں دے سکتا بلکہ صرف ایک خیال ہے جو اپنے ہی دماغ میں پیدا ہوتا ہے۔.......... اور جس شخص کی خواب اور الہام کا سرچشمہ یہی درجہ ہے اُس کے دِل پر اکثر شیطان کا تسلّط رہتا ہے اور اس کو گمراہ کرنے کے لئے وہ شیطان بعض اوقات ایسی خوابیں یا الہام پیش کر دیتا ہے جن کی وجہ سے وہ اپنے تئیں قوم کا پیشوا یا رسول کہتا ہے اور ہلاک ہو جاتا ہے..........

دُوسری حالت وہ ہے کہ جیسے انسان اندھیری رات کے وقت اور سخت سردی کے وقت ایک روشنی کو دُور سے مشاہدہ کرتا ہے اور وہ روشنی اُس کو اگرچہ راہِ راست کے دیکھنے میں مدد دیتی ہے مگر سردی کو دُور نہیں کرسکتی۔ اِس درجہ کا نام **عین الیقین** ہے اور اس درجہ کا عارف خدا تعالیٰ سے تعلق تو رکھتا ہے مگر وہ تعلق کامل نہیں ہوتا۔ اِس مذکورہ بالا درجہ پر شیطانی الہامات بکثرت ہوتے ہیں کیونکہ ابھی ایسے شخص کو جس قدر شیطان سے تعلق ہوتا ہے خدا تعالیٰ سے تعلق نہیں ہوتا۔

تیسری حالت وہ ہے کہ جب انسان اندھیری رات اور سخت سردی کے وقت میں نہ صرف آگ کی روشنی پاتا ہے بلکہ اُس آگ کے حلقہ کے اندر داخل ہو جاتا ہے اور اُس کو محسوس ہو جاتا ہے کہ درحقیقت آگ یہ ہے اور اُس سے اپنی سردی کو دُور کرتا ہے یہ وہ کامل درجہ ہے جس کے ساتھ ظنّ جمع نہیں ہوسکتا اور یہی وہ درجہ ہے جو بشریّت کی سردی اور قبض کو بکلّی دُور کرتا ہے۔ اِس حالت کا نام **حق الیقین** ہے اور یہ مرتبہ محض کامل افراد کو حاصل ہوتا ہے جو تجلّیاتِ الٰہیہ کے حلقہ کے اندر داخل ہو جاتے ہیں اور علمی اور عملی دونوں حالتیں اُنکی درست ہو جاتی ہیں اِس درجہ سے پہلے نہ علمی حالت کمال کو پہنچتی ہے اور نہ عملی حالت مکمّل ہوتی ہے اور اس درجہ کو پانے والے وہی لوگ ہوتے ہیں جو خدا تعالیٰ سے کامل تعلق رکھتے ہیں اور حقیقت میں وحی کا لفظ انہیںؑ کی وحی پر اطلاق پاتا ہے کیونکہ وہ شیطانی تصرّفات سے پاک ہوتی ہے اور وہ ظنّ کے درجہ پر نہیں ہوتی بلکہ یقینی اور قطعی ہوتی ہے۔ اور وہ نور ہوتا ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے اُن کو ملتا ہے۔ اور ہزارہا برکات اُن کے ساتھ ہوتی ہیں اور بصیرت صحیحہ ان کو حاصل ہوتی ہے کیونکہ وہ دُور سے نہیں دیکھتے بلکہ نور کے حلقہ کے اندر داخل کئے جاتے ہیں۔ اور اُن کے دِل کو خدا سے ایک ذاتی تعلق ہوتا ہے۔ اسی لئے جس طرح خدا تعالیٰ اپنے لئے یہ امر چاہتا ہے کہ وہ شناخت کیا جائے ایسا ہی اُن کے لئے بھی یہی چاہتا ہے کہ اُس کے بندے اُن کو شناخت کر لیں۔ پس اِسی غرض سے وُہ بڑے بڑے نشان اُن کی تائید اور نصرت میں ظاہر کرتا ہے۔

(حقیقۃ الوحی، روحانی خزائن جلد 22ص 50-51)

احمدی عورتیں اپنے مقام کو سمجھیں اگر آپ نے ہی پیٹھ پھیر لی تو پھر کون دین کی قدروں کی حفاظت کرے گا (حضرت خلیفۃ المسیح الرابع)

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد ہیں جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلبہ کے لئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء و طالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی
4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری و سیکنڈری -/6000 سے -/8000 روپے تک سالانہ
2۔ کالج لیول -/12000 سے -/15000 روپے تک سالانہ
3۔ بی ایس سی۔ ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات -/1,00,000 روپے تک

سینکڑوں طلبہ کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کے لئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ''امداد طلبہ'' میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم)

2008ء میں جماعت احمدیہ نائیجر کی سرگرمیاں

نائیجر کے پہلے پرائمری سکول کا قیام۔ بیوت کا افتتاح۔ جلسہ سالانہ کا انعقاد
نمائش بکسٹالز کا قیام۔ جلسہ یوم خلافت کا انعقاد۔ ریڈیو، اخبارات میں تشہیر

(رپورٹ: مکرم اکبر احمد طاہر صاحب مربی سلسلہ نائیجر)

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے عالمگیر جماعت احمدیہ پوری دنیا میں ترقی کی منازل طے کرتی چلی جا رہی ہے۔2008ء کا سال جماعت کے لئے ایک تاریخی سال تھا جس کے دوران پوری دنیا میں صدسالہ خلافت جوبلی منائی گئی اور ساری دنیا نے مختلف پروگرام کئے۔ان پروگراموں کے ذریعہ کثیر تعداد تک جماعت کا پیغام پہنچا۔

2008ء کے اس تاریخی سال میں جماعت احمدیہ نائیجر کو بھی مختلف پروگرام کرنے کی توفیق ملی جن کا مختصر تذکرہ بغرض دعا ہدیہ قارئین ہے۔

جماعت کے پہلے پرائمری سکول
اور بیت ناصر کا افتتاح

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ نائیجر کو دارالحکومت نیامی میں جامع بیت الذکر تعمیر کرنے کی توفیق ملی۔ نیامی میں 2006ء میں جماعت کو حکومت کی طرف سے سکول کی تعمیر کے لئے 12600 مربع میٹر جگہ الاٹ کی گئی جہاں سکول تعمیر کر کے 2007ء میں پہلی کلاس سے شروع کر دیا گیا۔(یہ نائیجر میں جماعت کا پہلا پرائمری سکول ہے) یہ زمین ملنے پر یہاں جامع بیت الذکر کی تعمیر کا پروگرام بنایا گیا جس کی بنیاد مارچ 2007ء میں جلسہ سالانہ نائیجر کے موقع پر رکھی گئی۔ بیت الذکر کی تعمیر مکمل ہونے پر یکم فروری 2008ء بروز جمعۃ المبارک بیت الذکر کا افتتاح کیا گیا۔نماز جمعہ خاکسار نے پڑھائی اور نماز جمعہ کے ساتھ اس بیت الذکر کا افتتاح عمل میں آیا۔نماز جمعہ میں کثیر تعداد میں غیر از جماعت احباب شامل ہوئے۔ چنانچہ موقع کی مناسبت سے خاکسار نے خطبہ جمعہ میں جماعت کا تعارف کروایا۔نیز بیت الذکر کی تعمیر کی غرض وغایت بیان کی اس موقع پر حکومتی سرکردہ افراد نے بھی نماز جمعہ میں شرکت کی جن میں قابل ذکر محترم گورنر صاحب نیامی،سیکرٹری جنرل بلدیہ،علاقہ کے ممبر آف پارلیمنٹ،حلقہ کے کونسلر اور نمائندہ وزارت آبادی وسوشل ورک کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے احباب وخواتین شامل ہوئے۔

نماز جمعہ کے بعد گورنر صاحب نیامی وسیکرٹری صاحب بلدیہ نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے بیت الذکر کی تعمیر پر جماعت کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر 5 ریڈیو، 4 اخبار اور ایک پرائیویٹ TV کے نمائندے موجود تھے جنہوں نے بیت الذکر کی تعمیر اور افتتاح کی خبر نشر کی۔اس بیت الذکر کا ہال 200:20x10 مربع میٹر ہے۔محراب پر اڑھائی میٹر اونچا گنبد اور دائیں طرف ایک مینار جو چھت سے 12 میٹر اونچا ہے۔فرنٹ پر چار چھوٹے مینار بنائے گئے ہیں۔اس بیت الذکر کا شمار نیامی کی چند بڑی بیوت الذکر میں ہوتا ہے حضور انور ایداللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بیت الذکر کا نام بیت ناصر عطا فرمایا ہے۔

بیت العافیت کا افتتاح

بیت الذکر بیت العافیت مارادی ریجن کے ایک گاؤں GAMO GA KAI میں تعمیر کی گئی ہے جس کی بنیاد 25/دسمبر 2007ء کو محترم شاکر مسلم صاحب ریجنل مربی سلسلہ نے رکھی۔ بیت الذکر کی تعمیر مکمل ہونے پر مورخہ 14 مارچ 2008ء بروز جمعۃ المبارک بیت الذکر کا افتتاح رکھا گیا۔ خاکسار نے نماز جمعہ پڑھائی اور خطبہ جمعہ میں بیوت کی تعمیر کی غرض وغایت اور بیت الذکر کی صفائی کی طرف توجہ دلائی نماز جمعہ کی ادائیگی کے ساتھ بیت الذکر کا افتتاح عمل میں لایا گیا۔نماز جمعہ کے بعد علاقہ کے چیف Chef Conton جو متعدد دیہات کے Chef ہوتے ہیں نے بیت الذکر کی تعمیر پر جماعت کا شکریہ ادا کیا۔اس بیت الذکر کے افتتاح کے موقع پر قرب وجوار کے 7 دیہات سے احباب نے نماز جمعہ میں شرکت کی اس بیت الذکر کا مسقّف حصہ ہال 10x6 60 مربع میٹر ہے یہ بیت الذکر نیشنل روڈ جو نیامی سے مارادی جاتا ہے پر واقع ہے۔جو اپنے 2 میناروں اور گنبد کے ساتھ بہت ہی خوبصورت دکھائی دیتی ہے۔اس کی تعمیر میں احباب جماعت نے وقار عمل کر کے ریت،بجری،پانی،مہیا کیا۔ حضور انور ایداللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اس بیت الذکر کا نام ازراہ شفقت بیت العافیت عطا فرمایا ہے۔

بیت صادق کا افتتاح

Tillabery ریجن کے ڈیپارٹمنٹل شہر Fillingue میں 2007ء میں بلدیہ نے جماعت کو بیت الذکر کی تعمیر کے لئے 2400 مربع میٹرز مین الاٹ کی۔زمین ملنے پر وہاں بیت الذکر کی تعمیر کا پروگرام بنایا گیا۔ چنانچہ اس بیت الذکر کی بنیاد خاکسار نے مورخہ 28/اگست 2008 بروز جمعۃ المبارک رکھی۔ اس بنیاد رکھنے کی تقریب میں شہر کے میئر پریفے کے سیکرٹری جنرل نمائندہ چیف و دیگر احباب نے شرکت کی۔ بفضل اللہ تعالیٰ اڑھائی ماہ کے عرصہ میں بیت الذکر کی تعمیر مکمل ہوئی۔تعمیر مکمل ہونے پر 14 نومبر بروز جمعہ بیت الذکر کے افتتاح کا پروگرام رکھا گیا۔مورخہ 13 نومبر بروز جمعرات قریبی دیہات سے احباب تشریف لائے اور بیت الذکر میں منعقدہ تربیتی پروگرام میں حصہ لیا اور 14/نومبر خاکسار نے نماز جمعہ پڑھائی۔خطبہ جمعہ میں جماعت کا تعارف کرایا اور نماز جمعہ سے بیت الذکر کا افتتاح عمل میں لایا گیا۔نماز جمعہ میں محترم پریفے صاحب شہر کے میئر صاحب نمائندہ چیف Chef Canton نیز کثیر تعداد میں غیر از جماعت احباب نے شرکت کی۔نماز جمعہ کے بعد محترم پریفے صاحب (یہ ڈیپارٹمنٹ میں انتظامی امور کے ہیڈ ہوتے ہیں) نے بیت الذکر کی تعمیر پر جماعت کا شکریہ ادا کیا۔شہر کے میئر صاحب نے بھی بیت الذکر کی تعمیر پر جماعت کا شکریہ ادا کیا۔ نماز کی ادائیگی کے بعد پریفے ومیئر صاحب مشن ہاؤس تشریف لائے اور حضور انور ایدہ اللہ کا خطبہ MTA پر Live فرنچ ترجمہ کے ساتھ سنا۔اس افتتاح کے موقع پر نیشنل ریڈیو کے نمائندہ بھی موجود تھے۔ بیت الذکر کے افتتاح کی خبر نیشنل ریڈیو پر 3 دفعہ نشر کی گئی۔

جماعت احمدیہ نائیجر کا
چوتھا جلسہ سالانہ

2008ء میں جماعت احمدیہ نائیجر کو اپنا چوتھا جلسہ سالانہ مورخہ 7 اور 8/مارچ بروز جمعہ وہفتہ کیپیٹل نیامی میں جماعت کی نئی تعمیر شدہ بیت الذکر ناصر (احاطہ احمدیہ پرائیویٹ سکول) میں منعقد کرنے کی توفیق ملی۔حسب سابق جلسہ کی تیاری کا کام چند ہفتے قبل شروع کر دیا گیا۔ ہر ہفتہ اور اتوار کو وقار عمل کیا جاتا رہا۔ بیت الذکر کا ہال جلسہ گاہ کے طور پر استعمال کیا گیا خواتین کے لئے بیت الذکر کے ساتھ علیحدہ جلسہ گاہ بنائی گئی۔ بیت الذکر اور احاطہ کو بینرز اور جھنڈوں سے سجایا گیا۔مورخہ 7/مارچ بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عصر خاکسار نے لوائے احمدیت لہرایا اور سیکرٹری جنرل بلدیہ نے نائجیر کا جھنڈا لہرایا اور خاکسار نے دعا کروائی۔لوائے احمدیت اتارے جانے تک خدام اپنے ڈریس میں ملبوس ڈیوٹی دیتے رہے۔ افتتاحی اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے کیا گیا جس کے بعد قصیدہ حضرت مسیح موعود یا عین فیض اللہ والعرفان پیش کیا گیا۔جس کے بعد خاکسار نے احباب کو خوش آمدید کہا اور افتتاحی دعا کروائی۔

پہلے اجلاس میں دو تقاریر احمدیت کا تعارف اور سیرت نبی کریم ﷺ کے موضوع پر ہوئیں جس کے بعد نماز مغرب وعشا ادا کی گئیں۔

کھانے کے بعد مجلس سوال وجواب ہوئی جو رات گیارہ بجے تک جاری رہی۔

دوسرے دن کا آغاز نماز تہجد با جماعت سے ہوا نماز فجر کے بعد درس قرآن ہوا۔

جلسہ کا اختتامی پروگرام 10 بجے خاکسار کی زیر صدارت شروع ہوا۔تلاوت قرآن کریم کے بعد نظم ”ہے دست قبلہ نما“ پیش کی گئی اور اجلاس میں تین تقاریر بعنوان،عظمت قرآن،نظام خلافت،اور حضرت مسیح موعود کا عشق رسول ﷺ ہوئیں۔ آخر پر افسر صاحب جلسہ سالانہ محترم عبد الرحمٰن صاحب ڈاروی نے احباب کا شکریہ ادا کیا اور خاکسار نے چند نصائح کیں اور اختتامی دعا کروائی۔اس طرح یہ جلسہ بخیر وعافیت اپنے اختتام کو پہنچا۔اس جلسہ میں بفضل اللہ تعالیٰ اتھارٹیز نے بھی شرکت کی جن میں گورنر صاحب نیامی، دواسسٹنٹ سیکرٹری جنرل نیامی،میئر بلدیہ نیامی،وائس میئر بلدیہ نیامی،سیکرٹری جنرل بلدیہ نیامی،سیکرٹری جنرل وزارت مذہبی امور،ڈائریکٹر وزارت مذہبی امور،نمائندہ وزارت صحت،نمائندہ وزارت آبادی و سوشل ورک،حلقہ کے ممبر آف پارلیمنٹ ،ڈائریکٹر اربن ٹرانسپورٹ نیامی،نمائندہ سلطان آف آغا ویز ،تاوا ریجن سے میئر آف Bezega،تاوا ریجن سے سیکرٹری جنرل آف بلدیہ سرناوا اور مارادی ریجن سے میئر آف Ajira Tawa شامل تھے۔

ان اتھارٹیز میں سے گورنر صاحب نیامی،سیکرٹری جنرل بلدیہ نیامی۔میئر آف Bazega میئر آف Ajira Tawa سیکرٹری جنرل بلدیہ سرناوا نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے جماعتی خدمات کو سراہا۔

اس جلسہ کے موقع پر ایک بک سٹال لگایا گیا نیز تصویری نمائش کا بھی اہتمام کیا گیا۔ جسے احباب نے بہت پسند کیا۔اس جلسہ کی خبر خاکسار کے انٹرویو کے ساتھ 2 پرائیویٹ TV نے متعدد بار نشر کی۔3 ریڈیوز نے جلسہ کی خبر اور انٹرویو 3،3 دفعہ نشر کیا۔3 اخبارات نے جلسہ کی خبر تصاویر کے ساتھ شائع کیں اسی طرح محض خدا تعالیٰ کے فضل سے میڈیا کے ذریعے جماعت کا پیغام سینکڑوں افراد تک پہنچا۔

جلسہ یوم خلافت

27/مئی کے دن کو یادگار بنانے کے لئے تمام جماعتوں میں مختلف پروگرام ترتیب دیئے گئے۔جس کے مطابق جماعتوں میں نماز تہجد با جماعت ادا کی گئی نماز فجر کے بعد اجتماعی دعا کی گئی۔سب جماعتوں میں اس دن جانور صدقہ دیئے گئے۔بچوں میں اس دن بسکٹ اور ٹافیاں تقسیم کی گئیں۔ بیوت الذکر اور مشن ہاؤسز پر چراغاں کیا گیا۔یہ چراغاں 27 مئی سے 3,2 دن پہلے اور 3,2 دن بعد تک رہا۔شہروں میں بجلی کی سہولت سے فائدہ اٹھایا گیا اور دیہات میں عارضی انتظام کیا گیا۔ جماعتوں میں جلسہ یوم خلافت کا انتظام کیا گیا۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا پیغام بابت خلافت جوبلی فرنچ وہاؤسا زبان میں چھپوا کر تقسیم کیا گیا۔

باقی صفحہ 11 پر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع: ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ قیمت 5 روپے

7

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ جرمنی

نیشنل مجلس عاملہ خدام جرمنی کو ہدایات، بیت نور فرینکفرٹ کی جوبلی تقریب پر پریس کوریج

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

19 دسمبر 2009ء کی بقیہ مصروفیات

نیشنل مجلس عاملہ خدام جرمنی کو ہدایات

بعد ازاں میٹنگ روم میں نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ جرمنی کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شام سات بجے شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

حضور انور نے صدر مجلس خدام الاحمدیہ کو مخاطب کرکے فرمایا۔ خدام کو بڑا تیز ہونا چاہئے۔ سست کیوں ہیں۔ بیماروں کے تو آپ بے تحاشہ خط لکھتے ہیں۔ رپورٹیں کیوں نہیں بھجواتے۔

حضور انور نے فرمایا ہر بات کے لئے الگ الگ خط لکھنے کی بجائے ایک ہی خط میں سب کچھ لکھ سکتے ہیں خواہ مخواہ صفحات کیوں ضائع کرتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا مجالس سے رپورٹیں منگوانے کا طریق کار کیا ہے۔ کتنا خرچ آتا ہے۔ آپ رپورٹوں کو ای میل وغیرہ کے ذریعہ منگوا کر خرچ کم کر سکتے ہیں کوئی پروگرام اگر سیکیور پروگرام بنا سکتے ہیں جس سے فکر ز وغیرہ کے چوری ہونے کا خطرہ نہ ہو تو وہ بنوائیں اور اس کے ذریعہ کام میں تیزی پیدا کریں۔

حضور انور نے فرمایا آپ کو مجالس سے جو رپورٹس موصول ہوتی ہیں، ان رپورٹس کو کاؤنٹر چیک کرنے کے لئے جب آپ دوروں پر جاتے ہیں تو وہاں بھی جائزہ لیا کریں۔

حضور انور نے فرمایا ہر سہ ماہی کی اس طرح سے رپورٹ تیار کرکے بھجوائیں کہ یہ ہم نے پروگرام بنایا تھا اور تین ماہ کے دوران اس پر عمل کا یہ نتیجہ نکلا ہے۔

حضور انور نے فرمایا یہ بھی جائزہ ہونا چاہئے اور پھر اس کا ریکارڈ محفوظ بھی ہونا چاہئے کہ کتنے لڑکے جماعت سے پیچھے ہٹ گئے؟ کتنے لڑکے مختلف برائیوں میں بتلا ہوگئے اور آپ کی تربیتی کوششوں کے نتیجہ میں وہ جماعت کی طرف واپس آنے میں بڑھے ہیں یا اپنی بے ہودگیوں میں بڑھے ہیں۔

مہتمم تربیت نومبائعین نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ 46 خدام نومبائعین ہیں جنہوں نے پچھلے تین سال میں احمدیت قبول کی۔

حضور انور نے فرمایا۔ ان کو جماعت کے ریگولر سسٹم کا حصہ بنانے کے لئے کیا پروگرام آپ نے بنایا ہے۔ ان کے لئے کوئی الگ پروگرام بنائے ہیں اور اجتماع وغیرہ پر ان کے Active رول کے لئے کیا پروگرام بنایا ہے۔

حضور انور نے فرمایا نئے آنے والوں کی پرانے احمدیوں میں سے کسی خادم کے ساتھ مؤاخات کروائیں۔ CD,s کے ذریعہ نومبائعین کے لئے ایسے پروگرام بنائے جاسکتے ہیں جن میں انہیں قاعدہ اور قرآن پڑھانے اور سکھانے کا انتظام ہو۔ آج کل کتابیں پڑھنے کی بجائے CD,s کے ذریعہ زیادہ دلچسپی پیدا کی جاسکتی ہے۔

مہتمم تربیت نومبائعین مقامی جرمن احمدی ہیں۔ حضور انور نے ان کو مخاطب کرکے فرمایا جس طرح آپ خود جماعت کی Main Stream میں آگئے ہیں۔ اس طرح دوسرے بھی آسکتے ہیں۔ تین سال کے اندر اندر سب نومبائعین کو نظام کا مکمل حصہ بنا دیں۔

حضور انور نے فرمایا MTA پر قاعدہ یسرنا القرآن کے اسباق دیئے جاتے ہیں وہاں سے سیکھ سکتے ہیں۔ مہتمم تعلیم کی ڈیوٹی ہے وہ ان کو CD مہیا کر سکتے ہیں۔ ان CD,s کا جرمن زبان میں ترجمہ کیا جاسکتا ہے۔

مہتمم دعوت الی اللہ سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ نے کیا ٹارگٹ مقرر کیا ہے اور کیا کوشش کر رہے ہیں۔

مہتمم دعوت الی اللہ نے بتایا کہ ایسٹ جرمنی اور ویسٹ جرمنی میں 100 گاؤں کا ٹارگٹ رکھا ہے۔ مشرقی جرمنی میں اب تک ہم 32 گاؤں میں گئے ہیں۔ ہماری 19 ٹیموں نے وہاں جاکر کام کیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا ان لوگوں کی مذہب میں دلچسپی پیدا کرنے کے لئے وہاں جاکر سیمینار کریں۔ انٹرفیتھ پروگرام کریں، خدا کے وجود، اس کی ہستی، مذہب کی ضرورت، کسی ریفارمر کی ضرورت ہے یا نہیں وغیرہ موضوعات پر تقریریں کروائیں اور یہودی، عیسائی اور دوسرے مذاہب والوں سے بھی اس میں تقریریں کروائیں۔

حضور انور نے فرمایا۔ ایسے طریق سے کام شروع کریں کہ آپ کے کام میں تیزی آئے پہلے یہ پتہ کریں کہ احمدیت کو جانتے کتنے ہیں۔ 05. (پوائنٹ زیرو فائیو) بھی نہیں جانتے کہ جرمنی میں احمدیت کا تعارف کیا ہے۔

حضور انور نے دریافت فرمایا کہ جو ایک ملین کی تعداد میں پمفلٹ شائع ہوا تھا اس کی تقسیم میں خدام نے کیا حصہ لیا ہے۔ فرمایا اپنی مجالس کے خدام سے بھی رپورٹ لیں کہ انہوں نے اس کی تقسیم میں کیا کام کیا ہے۔ آپ کی رپورٹ سے، چیک کرنے سے پتہ چل جائے گا کہ کام بانمر ہے یا نہیں۔

مہتمم تعلیم نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ امسال کتاب "پیغام صلح" کے دو امتحان ہوں گے۔ حضور انور نے فرمایا انصار اللہ اور لجنہ اور خدام نے سب نے یہی کہا ہے۔ مہتمم تعلیم نے بتایا کہ مجالس کی سطح پر دو امتحان لیں گے بنیادی نصاب اس کے علاوہ ہے۔ حضور انور نے فرمایا اگر پیپر وغیرہ مرکز تیار کرے گا تو پھر جماعتی ہوگیا۔ مجلس کا امتحان تو نہ رہا۔

مہتمم امور طلباء نے بتایا کہ طلباء کی کل تعداد 3727 ہے جن میں سے 376 یونیورسٹی میں جانے والے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا۔ یونیورسٹی میں سیمینار آرگنائز کریں۔ پروگرام بنائیں۔ ان پروگراموں میں باہر کے طلباء بھی آسکتے ہیں۔

مہتمم امور طلباء نے بتایا کہ طلباء کی کونسلنگ کے لئے ہم نیشنل، ریجنل، زونل اور مجالس کی سطح پر انتظام کرتے ہیں۔ جو یونیورسٹی کے طلباء ہیں وہ Presentation تیار کرتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا اس میں ان کی دینی تعلیم کے لئے بھی کچھ پروگرام بنایا کریں۔

مہتمم مال نے اپنے بجٹ اور چندہ مجلس کے بارہ میں رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ تین لاکھ 80 ہزار یورو چندہ مجلس ہے اور کمانے والے خدام کی تعداد 2461 ہے۔

اجتماع پر زیادہ خرچ ہونے کے حوالہ سے بتایا گیا کہ ہماری اجتماع پر حاضری چھ سے ساڑھے چھ ہزار تک ہوتی ہے اور بڑی مارکیز لگانی پڑتی ہیں۔

محاسب سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ آپ سے کام بھی لیا جاتا ہے یا آپ نام کے محاسب ہیں۔ محاسب نے بتایا کہ مختلف شعبہ جات کے جو بجٹ منظور ہوئے ہوتے ہیں ان کا حساب کرتے رہتے ہیں، ہر شعبہ کے بل چیک کرتا ہوں۔ جو رقم ایڈوانس میں دی جاتی ہے وہ بھی چیک کرتا ہوں۔

مہتمم اطفال نے بتایا کہ اطفال کی تعداد 2200 سے زائد ہے۔ حضور انور نے اطفال کے چندہ وقف جدید کے بارہ میں دریافت فرمایا۔ حضور انور کی خدمت میں رپورٹ پیش کی گئی کہ اطفال کا وعدہ وقف جدید 22 ہزار 500 یورو ہے۔

مہتمم صحت جسمانی نے اپنے شعبہ کی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ 1894 خدام باقاعدہ کھیلنے والے ہیں۔ سالانہ اجتماع کے موقع پر کھیلوں کے مقابلہ جات ہوتے ہیں۔ اسی طرح نیشنل لیول پر اور ریجنل سطح پر بھی کھیلوں کے پروگرام ہوتے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا عاملہ کے جو ممبران کھیل یا سیر نہیں کرتے۔ ان کے لئے بھی لازمی کریں اور رپورٹ لیا کریں۔

مہتمم اشاعت نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ ہر دو ماہ کے بعد شمارہ نکلتا ہے۔

مہتمم وقار عمل نے بتایا کہ ہر ماہ باقاعدگی سے وقار عمل ہوتا ہے۔ ہر ماہ کی آخری جمعرات کو تمام بیوت اور سنٹرز میں وقار عمل کا پروگرام ہوتا ہے۔

مہتمم خدمت خلق سے حضور انور نے دریافت فرمایا کہ بلڈ ڈونر کے لئے رجسٹرڈ ہوئے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا۔ میں نے ہدایت دی تھی کہ بلڈ ڈونر آرگنائزیشن کے ساتھ احمدیہ یوتھ آرگنائزیشن کے نام سے رجسٹر کروائیں۔ حضور انور نے فرمایا۔ جرمنی اتنا بڑا ملک ہے، کسی نہ کسی شہر، کسی صوبہ میں کسی نہ کسی جگہ آپ کو رجسٹریشن مل ہی جائے گی۔

حضور انور نے فرمایا مشکل ہے تو مشکلوں میں تو آپ نے ہاتھ ڈالنا ہے حضور انور نے فرمایا۔ لوکل چیریٹیز کو جب چیریٹی دیتے ہیں تو ہیومینیٹی فرسٹ کو بھی کچھ نہ کچھ دیا کریں۔ اس سے لوگوں کو ہیومینیٹی فرسٹ کا تعارف بھی ہوگا اور لوگوں کو یہ بھی پتہ چلے گا کہ اپنی چیریٹی تنظیم ہونے کے باوجود یہ دوسروں کو بھی مدد دیتے ہیں۔

معاون صدر جو خدام کی ویب سائیٹ کے انچارج ہیں۔ حضور انور نے ان کو ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ ان کو رپورٹ بنانے کا سسٹم بنا کر دیں، رپورٹس Collect کرنے کے نظام اور کیسے ان کا جواب دینا ہے اور رپورٹ فارم، ان سب کے لئے ایک ایسا پروگرام بنائیں کہ یہ سب کچھ ایک سسٹم میں آجائے۔

حضور انور نے فرمایا پرانے طریقوں پر ہی نہ چلیں بلکہ بڑے بڑے فرٹائل دماغ ہیں۔ نئے نئے راستے ایکسپلور کیا کریں۔ لیکن ایسے رستے جماعتی روایات کے اندر رہتے ہوئے ہونے چاہئیں۔

پروگرام یوم والدین کے حوالہ سے ایک سوال کے جواب پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ یوم والدین کے پروگرام کے بارہ میں میری طرف سے کوئی روک، پابندی نہیں ہے۔ مرد علیحدہ ہوں اور لجنہ علیحدہ پردہ میں ہوں تو دونوں کر سکتے ہیں۔ بعض بچے چھوٹے ہوتے ہیں مائیں ساتھ آتی ہیں۔ یہ پروگرام جماعتی روایات کے مطابق ہو۔ بیت الذکر میں بھی کر

سکتے ہیں۔

سات بجکر 45 منٹ پر یہ میٹنگ اپنے اختتام کو پہنچی۔ بعد ازاں نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ کے ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔ آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے از راہ شفقت عاملہ کے تمام ممبران کو شرف مصافحہ سے نوازا۔

آٹھ بجے حضور انور نے بیت السبوح میں نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

پریس کی کوریج

آج کی اس تقریب کو پریس نے بڑی تفصیل کے ساتھ Coverage دی۔

اخبار روزنامہ Frankfurter Rundschau جو ملک بھر میں پڑھا جاتا ہے اور اس کی روزانہ اشاعت ڈیڑھ لاکھ کے لگ بھگ ہے نے اپنی 22 دسمبر 2009ء کی اشاعت میں لکھا۔

بیت نور کو بنے 50 سال ہوگئے
کسی قسم کے خوف کی ضرورت نہیں

نور (بیت) کا مطلب روشنی ہے اسے مت بھولنا۔ نور وہ روشنی ہے جو خدا کی طرف سے آتی ہے۔ خوش قسمت ہے وہ جو اس نور کو پاتے و دیکھتے ہیں۔

یہ ہے اس نظم کا مطلب جو بچیوں نے ہفتہ کے روز ہونے والی تقریب میں پڑھی۔ یہ تقریب راٹزکیلر میں ہوئی جہاں یہ بچیاں اس نظم کو کچھ کپکپاتی آواز اور ٹھنڈ سے ٹھٹھرتے ہاتھوں سے کاغذات کو پکڑ کر گا رہی تھیں۔

اس تقریب کا بنیادی نکتہ یہ تھا کہ ساکسن ہاؤزن میں تعمیر شدہ نور (بیت) کو بنے ہوئے 50 سال ہوگئے ہیں اور 50 سالہ تقریب منانے کے لئے جماعت احمدیہ جرمنی بھر کے 250 جماعتوں کی ہی صرف نمائندگی نہ تھی بلکہ بڑی تعداد میں دیگر مہمان بھی تھے جن میں صوبہ ہیسن کے انٹرگریشن، قانون اور یورپی معاملات کے وزیر جناب کرم ہان، مذہبی تنظیموں کے نمائندگان، صوبائی اسمبلی کے ممبران، فرینکفرٹ اسمبلی کے نمائندگان بھی شامل تھے اور یہ تمام مہمان انتہائی سرد درجہ حرارت کے باوجود اس تقریب میں آئے اور اس تاریخی علاقہ میں منعقد ہونے والی تقریب کو رونق بخشی۔

تقریب میں تقریباً 150 مہمان شامل تھے لیکن ان تمام مہمانوں میں سے ایک مہمان سب سے منفرد اور مختلف تھے اور وہ تھے جماعت احمدیہ کے خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب جو کہ آج کل لندن میں پناہ گزین ہیں اور ان کی طرف سے تمام معززین اور سامعین کو جرمنی کی دوسری پرانی اور تاریخی (بیت) کی تقریبات پر خوش آمدید کہا گیا۔ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے اپنے خطاب کا جب آغاز کیا تو اپنے خطاب میں انہوں نے اسرائیل کے مسئلہ کے حل کے لئے کوئی نکتہ پیش نہیں کیا اور نہ ہی ان کی طرف سے دہشت گردی کے خاتمہ کے لئے کوئی منصوبہ پیش کیا گیا۔ بلکہ ان کے خطاب کا زیادہ حصہ امن کے موضوع سے متعلق رہا اور اسی موضوع پر بات چیت کی۔ انہوں نے کہا کہ آپ کبھی بھی ہماری (بیوت) سے کسی کے بارہ میں نفرت آمیز کلمات نہیں سنیں گے۔ اس کے برعکس آپ ہمیشہ خدا تعالیٰ کی محبت اور عظمت اور اس کی مخلوق کی محبت اور خدمت سے متعلق ہی باتیں سنیں گے۔ وسعت قلبی، احترام، ایک دوسرے کے لئے برداشت اور محبت یہ وہ نکات ہیں جن پر جماعت احمدیہ کے خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے اپنے خطاب میں زور دیا۔ اسی طرح انہوں نے متنبہ کیا کہ اس وقت دنیا میں گلوبلائزیشن ہو چکی ہے اور پوری دنیا میں مکمل امن ہی کی اس وقت انتہائی ضرورت ہے۔

اسی طرح اپنے خطاب میں جماعت احمدیہ کے خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب نے کہا کہ یہ بات میری سمجھ سے بالاتر ہے کہ کاسمیٹک ردوبدل کے ذریعہ کیا آپ لوگوں کی سوچ یا عقائد بدل سکتے ہیں۔ کیا آپ یقین رکھتے ہیں کہ اگر آپ مینار نہیں بنانے دیں گے تو آپ کے اس فعل سے انسان میں نفرت کا مادہ کم ہو جائے گا؟ جماعت کے خلیفہ کے ان خیالات کا صوبہ ہیسن کے وزیر نے بھی اپنے خطاب میں دفاع کیا۔

صوبہ ہیسن کے وزیر نے اپنے خطاب میں یقین دلایا کہ وہ اپنے صوبہ میں اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ ہر عقیدہ کے لوگوں کو جو خدا کا گھر بنانا چاہیں توان کو موقع دیا جائے گا کہ وہ خدا کا گھر بنا لیں۔ ہاؤزن جو کہ فرینکفرٹ کا ایک حصہ ہے وہاں (بیت) کی تعمیر کے سلسلہ میں جو اختلاف دیکھنے میں آئے اس سے یہ خدشہ ابھرتا تھا کہ گزشتہ 50 سالوں میں سوسائٹی کے مختلف طبقات کی انٹیگریشن میں بعض اہم غلطیاں سرزد ہوئی ہیں۔ لیکن اب شہر کے لوگوں کو اس بات کی سمجھ آ گئی ہے کہ ایک دوسرے کے نقطہ نظر کو سمجھنے کے لئے ٹرانسپرینسی اور کھلم کھلا گفتگو کی ضرورت ہوگی۔ ہمیں لوگوں کے پاس جانا چاہئے اور یہ بتانا چاہئے کہ انہیں ایک دوسرے سے خوف کھانے کی ضرورت نہیں ہے۔ صوبہ کے وزیر نے مسلمانوں کو بھی مشورہ دیا کہ ان میں جو روایات موجود ہیں ان کو بھی ان روایات کے بارہ میں غور وخوض کرتے رہنا چاہئے اور دیکھتے رہنا چاہئے کہ یہ روایات ماحول سے مطابقت رکھتی ہیں یا نہیں اور ان کو حالات اور ماحول کے مطابق ڈھال لینے کے بارہ میں سوچتے رہنا چاہئے۔

اس کے دوران انڈین اور پاکستانی کھانے کی تیاری ہو رہی تھی جو کہ مرچ کے لحاظ سے یورپین مہمانوں کے مزاج کے مطابق کی گئی تھی۔ اسی طرح پروگرام کے شروع میں جو تلاوت سورۃ 22 کی آیات 40 تا 43 کی گئی تھی ان کا جرمن مہمانوں کے لئے باقاعدہ جرمن ترجمہ کیا گیا تھا تا کہ وہ قرآنی آیات کے مطالب کو اپنی زبان میں سمجھ سکیں۔ روایات کے مطابق ہر مہمان قابل احترام ہوتا ہے جس کا اظہار عبداللہ واگس ہاؤزر، صدر احمدیہ جماعت جرمنی نے کیا اور یہ بھی بتلایا کہ آج کی تمام تر کوششیں تمام مہمانوں کو اہم سمجھتے ہوئے ترتیب دی گئی ہیں۔

کھانے کے دوران پھر ایک پادری جو کہ ایک مذہبی بورڈ کے صدر ہیں، فرقہ مورمون کے نمائندہ، برلن (بیت) کے امام اور صوبہ فرینکفرٹ کے ممبر نے مل بیٹھ کر ایک میز پر ایک دوسرے سے خوب گفتگو بھی کی کھانا بھی کھایا اور مسکراتے بھی رہے جب تک یہ تقریب اختتام پذیر نہ ہوئی۔ تاہم یہ صاف نظر آ رہا تھا کہ اس تقریب میں کسی کو کسی دوسرے سے کسی قسم کا خوف یا ڈر نہیں لگ رہا تھا۔

اخبار روزنامہ "Frankfurter Neue Presse (ENP)" (جو فرینکفرٹ شہر اور صوبہ Hessen کا اخبار ہے اور ایک لاکھ پانچ ہزار کی تعداد میں شائع ہوتا ہے) نے اپنی 22 دسمبر 2009ء کی اشاعت میں لکھا اور درج ذیل عنوان لگایا۔

بیت کی جوبلی پر سالگرہ کی نظم پڑھی گئی

ساکسن ہاؤزن: ”نور کا مطلب روشنی ہے اس کو بھولنا مت“ یہ وہ نظم ہے جو 50 سالہ جوبلی تقریب کے لئے لکھی گئی ہے اور نظم میں استعمال ہونے والا نام بھی (بیت) کا ہی نام ہے۔

پروگرام: (بیت) کے امام ہدایت اللہ ہبش، اپنی مختصر نظم میں اللہ کے گھر کے بارے میں تفصیل بتا رہے ہیں۔ نظم کی سادگی اور انکساری ایسی روشنی کا اظہار کر رہی ہے جو ہاؤزن کی پہاڑیوں سے مزید آگے کی طرف پھیل رہی ہے۔

بیت کی نئی اور تازہ تزئین کی وجہ سے اب یہ شہر کے حصہ میں زیادہ واضح طور پر نظر آنے لگ گئی ہے صوبہ ہیسن کی سب سے پرانی (بیت) ہے اور جرمنی بھر میں تیسرے نمبر کی پرانی (بیت) ہونے کی اعزاز پر پہنچ گئی ہے۔ تقریب کے موقع پر جب بچیوں نے مشرقی طرز گائیکی کے انداز میں بیت سے متعلق نظم پڑھنی شروع کی تو اس وقت دنیا میں روحانی تبدیلی کی دعوے دار احمدیہ جماعت کی سب سے معزز ترین ہستی خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب (ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) بھی سامعین میں موجود تھے۔

راٹزکیلر میں ہونے والی اس تقریب کا خاص پہلو یہ تھا کہ کس طرح مختلف تہذیبوں اور مذاہب کے لوگ مل جل کر تقریب مناتے ہیں۔ جماعت کے خلیفہ جب سفید پگڑی پہنے کرسمس کے لئے تیار کردہ پودوں کے سامنے وقار کے ساتھ گزرے جہاں عمدگی سے تحائف سجے ہوئے تھے تو صاف نظر آ رہا تھا کہ سب میں ایک دوسرے کے لئے عزت کے جذبات ہیں۔

اس وقت عیسائی کرسمس کے موقع پر روشنیوں کے ذریعہ امن کی جس خواہش کا اظہار کرتے ہیں۔ بالکل ایسے ہی امن کی خواہش کا اظہار......بھی کرتا ہے اور اسی امن کے ماحول کی احمدیہ جماعت بھی داعی ہے۔

فرینکفرٹ اور صوبہ ہیسن کے چرچوں اور سیاسی نمائندگان کو اس تقریب کے ذریعہ رواداری کا ایک نیا تجربہ بھی ہوا ہے۔ جب بچیوں نے اپنی نظم ختم کی تو جرمنی کے جماعت احمدیہ کے صدر عبداللہ واگس ہاؤزر نے بتلایا کہ گو (دین حق) میں تالی بجا کر داد دینا جائز نہیں ہے لیکن آپ اگر ایسا کرنا چاہیں تو کر سکتے ہیں۔

جوبلی تقریبات میں مذہب اور کلچر کے بارہ میں تازہ ترین مسئلہ کے بارہ میں بھی بات کی گئی۔ جماعت احمدیہ کے خلیفہ حضرت مرزا مسرور احمد صاحب (ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز) نے اپنے خطاب میں کہا کہ یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ سوئٹزرلینڈ نے (بیوت) کے مینار بنانے پر پابندی لگا دی ہے، حالانکہ اگر کوئی امن پھیلانے کے دعویدار ہے تو پھر اس کو دوسروں کے مذہبی جذبات کا احترام کرنا ہوگا۔ انہوں نے قرآن مجید کی سورۃ 22 کے حوالہ سے بتایا کہ اللہ تعالیٰ اپنی عبادت گاہوں چاہے وہ عیسائیوں کی ہوں، یہودیوں کی ہوں یا مسلمانوں کی ہوں انسانوں کے ذریعہ ان کی حفاظت کرانا چاہتا ہے۔

صوبہ ہیسن کے وزیر ہان نے اپنی تقریر میں سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا۔ لیکن ساتھ ہی فرینکفرٹ اور صوبہ ہیسن میں نئی بیوت تعمیر ہونے پر متنبہ کیا کہ اس وقت کی صورت حال کو نظر میں رکھتے ہوئے (بیت) کی تعمیر اور نقشہ کے بارہ غور وخوض کرنا ہوگا۔ ”اس کے لئے ذہین آرکیٹیکٹ کی ضرورت ہے۔“

جرمنی کے ایک روزنامہ اخبار "Frankfurter Allgemeine Zeitung" (جو ساری جرمنی کے علاوہ دنیا کے مختلف ممالک میں بھی پڑھا جاتا ہے اور اس کی روزانہ اشاعت 3 لاکھ 67 ہزار 535 ہے) نے بھی اپنی اشاعت 22 دسمبر 2009ء میں درج ذیل عنوان لگاتے ہوئے لکھا۔

دنیا میں زیادتیوں کی شکار لیکن فرینکفرٹ میں گھر کا سا ماحول۔ احمدیہ جماعت کی نور (بیت) کو تعمیر ہوئے 50 سال ہوگئے

احمدیہ جماعت کی بچیوں نے مائیک پر جوبلی قطعات کا آخری مصرعہ گایا اور پھر راٹزکیلر ہال میں خاموشی چھا گئی۔ اس دوران بچیاں اپنی مخصوص

نشستوں پر واپس چلی گئیں۔ سامعین خاموش بیٹھے ہیں۔ بچیوں نے سفید پوشاک زیب تن کر رکھی تھی اور سبز رنگ کے دوپٹے اوڑھ رکھے تھے۔ یہی نور (بیت) کا بھی رنگ ہے جو کہ ساکسن ہاؤزن فرینکفرٹ کے علاقہ میں 50 سال قبل تعمیر ہوئی تھی۔ اسی (بیت) کی تعمیر پر 50 سال مکمل ہونے پر یہ تقریب رکھی گئی تھی جس کے لئے احمدیہ جماعت نے ہفتہ کے روز روئمر کے علاقہ میں معززین کو شمولیت کی دعوت دی تھی۔ اسٹیج پر بیٹھے احمدیہ جماعت جرمنی کے صدر عبداللہ واگس ہاؤزر وضاحت کرتے ہیں کہ (دین) میں تالیاں بجا کر داد دینا روایت نہیں ہے لیکن اگر مہمان تالیاں بجا کر داد دینا چاہیں تو ایسا ضرور کر سکتے ہیں۔ اس پر غیر ....مہمانوں کی بڑی تعداد تالیاں بجا کر داد دیتی ہے۔ جس میں صوبہ ہیسن میں FDP کے وزیر انٹرگریشن اور قانون مکرم ھان بھی موجود ہیں اور وہ تقریب کے خاص مہمان بھی ہیں جو سب سے پہلے خطاب کرتے ہیں۔ ان کے خطاب کے مندرجات کے مطابق آج سے 50 سال قبل (بیوت) بنالینا آسان تھا۔ ان کا یہ بیان حال ہی میں سوئٹزرلینڈ میں میناروں کے خلاف ہونے والے ریفرنڈم کے پیش نظر میں ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے عوام کی اکثریت نے ریفرینڈم کے ذریعہ بیوت کے میناروں کے خلاف فیصلہ دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ مذہبی معاملات میں الجھنا نہیں چاہتے تاہم سوئٹزرلینڈ کی صورتحال پر انہیں بھی سخت تشویش ہے اور ان کے مطابق اب جرمنی میں بھی نئی بیوت بنانے کے لئے بہت زیادہ بحث و مباحثہ ہو رہا ہے۔ عبداللہ واگس ہاؤزر جو کہ احمدیہ جماعت جرمنی کے صدر ہیں ان کے مطابق نور (بیت) ہمیشہ سے ایک ایسی جگہ رہی ہے جہاں مختلف مذاہب اور تنظیموں کے لوگ ملتے ہیں اور جماعت احمدیہ کا ماٹو محبت سب سے نفرت کسی سے نہیں جس برداشت اور وسعت قلبی کے ساتھ یہاں سے پورا ہو رہا ہے۔ دیگر ممالک میں ایسا نہیں ہے۔ بلکہ پاکستان میں تو جماعت زیادتیوں اور ظلم کا شکار ہے۔ دیگر مذہبی طبقات کی طرف سے احمدیہ جماعت پر زیادتیوں کی بنیادی وجہ جماعت احمدیہ کا وہ عقیدہ ہے جس کی رو سے جماعت یہ دعویٰ کرتی ہے کہ قرآن مجید اور آنحضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کے مطابق جس مسیحا کا انتظار تھا وہ جماعت کے بانی کی شکل میں ظاہر ہو چکا ہے۔ پاکستان میں جماعت احمدیہ کو آج تک (بیوت) بنانے کی اجازت نہیں ہے نمازیں پڑھنے پر پابندی ہے اور خوش آمدید کلمات جیسے السلام علیکم وغیرہ کہنے پر بھی سزا دے دی جاتی ہے۔ ان زیادتیوں کی وجہ سے جماعت احمدیہ کے افراد بیرون ممالک کی طرف ہجرت کر گئے ہیں۔ جن میں سے بہت سارے جرمنی بھی آ گئے۔ یہاں انہوں نے 1957ء میں ہمبرگ میں اپنی پہلی (بیت) بنائی اور دو سال بعد فرینکفرٹ میں نور (بیت) کی تعمیر ہوئی۔ جماعت احمدیہ کے روحانی سربراہ حضرت مرزا مسرور احمد آج کل لندن میں ہیں۔ تقریب کے موقع پر اخباری نمائندہ سے بات کرتے ہوئے انہوں نے جرمنوں کا شکریہ ادا کیا کہ اس قوم نے احمدی افراد کو کھلے دل اور ذہن کے ساتھ خوش آمدید کہا ہے۔

احمدی احباب کے لئے یہ بہت ہی بابرکت اور سعادت والی گھڑی ہے کہ ان کے خلیفہ ان میں موجود ہیں۔ عطیہ ھبش احمد کے مطابق ایسا ہی ہے کہ جیسے کیتھولک عیسائیوں میں ان کے پوپ موجود ہیں۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ وہ اپنے خلیفہ کو صرف دور سے ہی دیکھ سکتی ہے اس ہال کی تقریب میں کیونکہ دینی روایات کے مطابق خواتین کو مردوں سے علیحدہ کر کے بیٹھایا گیا ہے۔ ہال کے پچھلے حصہ میں ایک پردہ لٹکا کر خواتین کے بیٹھنے کے لئے علیحدہ سے جگہ بنائی گئی ہے تاہم پردہ کے پیچھے سے خواتین تقریر کرنے والے کو دیکھ سکتی ہیں۔ کھانے کے دوران خواتین کا حصہ پردہ سے بالکل علیحدہ کر دیا گیا اور ان کو علیحدہ سے کھانے کا انتظام کیا گیا تا کہ وہ اپنے ماحول میں آزادی سے کھانا کھا سکیں۔

صوبہ کے وزیر نے اپنی تقریر میں بھی اس کا ذکر کیا کہ ہال میں مردوں اور خواتین کی علیحدگی کی روایات کو زیر غور لایا جائے اور اگر ممکن ہو تو ایسی روایات کو جو صورتحال موجود ہو اس کے مطابق ڈھالنے کے بارہ میں سوچا جائے۔

تاہم احمدی خاتون ھبش احمد اس علیحدگی کو بالکل دوسری نظر سے دیکھتی ہے۔ اس کے مطابق ایسی چیزوں کو ختم کرنا چاہئے جو کہ بے مقصد ہوں۔ جب کہ مردوں اور عورتوں کی اس علیحدگی کا ایک بڑا مقصد ہے۔ مثال دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب تک جرمن کلچر میں تعمیراتی کام کرنے والے راہ چلتی خواتین پر سیٹیاں بجا دیتے ہیں اس وقت تک اس بارہ میں بحث کرنے کا فائدہ نہیں۔ انہوں نے بتلایا کہ وہ مردوں اور خواتین کی علیحدگی کو اتنا ہی اہم سمجھتی ہیں جتنا سر ڈھانکنے کو۔ ان کے مطابق یہ علیحدگی خواتین کو عزت کا مقام دینے کے لئے کی جاتی ہے نہ کہ جنسی تفریق پر ان کو کمتر ثابت کرنے کے لئے۔

تمام تر حقیقتوں کا مختلف تنظیموں اور مذاہب سے تعلق رکھنے کے باوجود آج کے دن تمام اکٹھے ہو کر بیٹھنے کا وقت ہے۔ میری لائبریری میں ایک قرآن مجید موجود ہے جو کہ بائیبل اور ھومر کے ساتھ پرامن طریق سے پڑا ہوا ہے، SPD کے صوبائی ممبر اسمبلی مکرم میرز یہ تبصرہ کرتے ہیں۔ آج جاتے ہوئے وہ ایک اور قرآن مجید اپنی لائبریری میں رکھ سکتے ہیں جو کہ سب مہمانوں کو جاتے ہوئے دیا گیا۔

❁ ...... ❁ ...... ❁

مکرم ڈاکٹر عبدالرؤف خان صاحب

خلفاء سلسلہ کی شفقت بھری پیاری یادیں

میری پیدائش قادیان دارالامان کی ہے۔ میں نے کچھ زمانہ حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی کا دیکھا ہے۔ پھر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا سارا زمانہ دیکھا۔ اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی بابرکت خلافت سے بھی گزرا۔ جو واقعات خلفاء احمدیہ کے حوالے سے یاد ہیں ان کا سیاق و سباق کے ساتھ ذکر کر دیتا ہوں۔ اس طرح زمانہ کی کچھ تاریخ بھی پڑھنے والوں کے ذہن میں آ جائے گی۔

میرے والد عبدالواحد خان صاحب جب پٹیالہ سے ہجرت کر کے اپنے چچا حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب کے پاس قادیان آئے تو ان دنوں حضرت مصلح موعود نے پہلے ایک کمپنی (Eastern Trading Co.Qadian) کے نام سے شروع کی اور والد صاحب کو اس کام پر لگایا۔ جب یہ کام بعض وجوہات کی بنا پر کما حقہ، نہ چلا تو حضور نے ایک دوسری کمپنی ''دلکشاء پرفیومری کمپنی قادیان'' کے نام سے بنائی۔ یہ کمپنی حضور کے تجویز کردہ نسخوں کے مطابق عطر، خوشبودار تیل اور دیگر اشیاء تیار کرتی تھی۔ قادیان چونکہ ایک چھوٹا سا قصبہ تھا اور اس کی آبادی بھی غرباء پر مشتمل تھی اس لئے دلکشاء پرفیومری کمپنی اپنی مصنوعات ہندوستان کی بڑی بڑی نمائشوں اور میلوں میں سٹال وغیرہ لگا کر فروخت کرتی تھی۔ والد صاحب بیان کرتے ہیں کہ ان نمائشوں میں سامان کی تیاری میں خود حضرت مصلح موعود بنفس نفیس شامل ہوتے۔ حضور کی خدمت میں تقریباً دس سال انہیں کام کرنے کی سعادت ملی۔ بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضور ہر روز رات کو عشاء کی نماز کے بعد بلوا لیا کرتے تھے اور پھر رات کے دس ساڑھے دس بجے اور کبھی گیارہ ساڑھے گیارہ بجے تک روزانہ کام کرتے تھے۔ اکثر تو حضور اور میں ہی ہوا کرتے تھے۔ کبھی کبھی سید محموداللہ شاہ صاحب بھی ہوتے تھے۔

والد صاحب بیان کرتے ہیں کہ قابل ذکر بات یہ ہے کہ ان دس سالوں کے لمبا عرصہ میں ایک بار بھی ایسا نہیں ہوا کہ حضور مصلح موعود نے کسی قسم کی ناراضگی کا اظہار کیا ہو۔ کام کے دوران حضور خود بھی شامل ہوتے اور حضور کی بے حد بشاش طبیعت کسی قسم کی تھکن کا احساس تک نہیں ہونے دیتی تھی۔ والد صاحب کے ساتھ حضور کی اس شفقت کا سلسلہ دس سال سے زائد عرصہ رہا۔ پاکستان ہجرت کے بعد بھی حضور ازراہ شفقت حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب سے والد صاحب کی خیریت دریافت کرتے رہتے تھے۔ اسی شفقت کا ہی نتیجہ تھا کہ والد صاحب بعض اوقات مجھے خط دے کر حضور کی خدمت میں بھجوا دیا کرتے تھے۔ ایک بار والد صاحب نے مجھے ایک خط دے کر کہا کہ جاؤ حضور کی خدمت میں یہ خط دے آؤ۔ میری عمر اس وقت قریباً سات آٹھ سال کی ہوگی۔ میں خط لے کر بیت مبارک کی سیڑھیوں سے بیت کی چھت پر گیا۔ وہاں سے جو دروازہ حضرت ام وسیم صاحبہ (جن کو ہم آپا عزیزہ کہا کرتے تھے) کا تھا کھٹکھٹایا۔ اجازت ملنے پر میں صحن میں داخل ہوا تو دیکھا کہ حضرت مصلح موعود صحن میں تشریف فرما ہیں۔ غالباً سردیوں کا موسم تھا اور حضور دھوپ میں تشریف رکھتے تھے۔ میں نے والد صاحب کا خط حضور کی خدمت میں پیش کر دیا۔ حضور نے اسی وقت خط کھول کر پڑھ لیا جس میں والد صاحب نے میرے بارے میں لکھا تھا کہ حضور مجھ سے تلاوت قرآن کریم سنیں۔ حضور نے فرمایا اچھا تو پھر تلاوت قرآن کریم سناؤ۔ میں نے وہیں کھڑے کھڑے حضور کے سامنے سورۃ بنی اسرائیل کی آیات 79 تا 82 خوش الحانی سے تلاوت کیں۔ حضور نے بہت خوشی کا اظہار فرمایا اور کچھ نقدی بطور انعام عطا فرمائی جو کہ میں نے واپس آ کر والد صاحب کو دی۔ تمام گھر میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ بات یہیں ختم نہیں ہوتی۔ تلاوت کے دوران حضور مسکراتے رہے اور حضرت مصلح موعود کی نظر کرم نے عاجز کے لئے تلاوت قرآن کریم کا دروازہ کھول دیا۔ مجھے تعلیم الاسلام ہائی سکول قادیان میں صبح کی اسمبلی میں ہمیشہ تلاوت قرآن کریم کے لئے کھڑا کیا جاتا اور میں ہمیشہ سورۃ بنی اسرائیل کی آیات 79 تا 82 ہی تلاوت کیا کرتا تھا۔ میرے علاوہ ایک اور طالب علم تھے جن کا نام یاد نہیں رہا اور وہ مجھ سے ایک کلاس سینئر تھے ان کو بھی گاہے گاہے تلاوت قرآن کریم کے لئے بلایا جاتا تھا اور وہ ہمیشہ سورۃ کہف کی چند ابتدائی آیات کی تلاوت کرتے تھے اور یہ سلسلہ قادیان سے ہجرت تک جاری رہا۔

پاکستان میں ہجرت کے بعد ہم لوگ سیمنٹ بلڈنگ لاہور جو کہ رتن باغ کے بالکل سامنے واقع تھی مقیم ہوئے۔ میں نے دیال سنگھ کالج لاہور سے ایف ایس سی کا امتحان پاس کیا اور پنجاب یونیورسٹی کی بی۔ فارمیسی کلاس میں داخلہ لے لیا۔ جب پارٹ ون کا امتحان ہوا تو میرے تحریری پرچے تو اچھے ہو گئے۔ پریکٹیکل بھی اچھے ہو گئے۔ جب میں فارماکالوجی کے پریکٹیکل کے بعد Viva کے لئے بلایا گیا تو ایک سوال کا جواب ٹھیک نہ دینے پر Internal examiner جو کہ پروفیسر محبوب ربانی صاحب تھے سخت برہم ہوئے جس سے میں بہت ڈر گیا کیونکہ اگر وہ مجھے فیل کر دیتے تو یونیورسٹی کے قواعد کے مطابق میں پارٹ

ون میں فیل ہو جاتا۔ اس لئے مجھے سخت صدمہ ہوا۔ میں اسی گھبراہٹ میں گھر چلا آیا اور آ کر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں ساری کیفیت لکھ کر دعا کی درخواست کی۔ خوش قسمتی سے حضور ان دنوں رتن باغ میں تھے اور ظہر کی نماز پڑھانے کے لئے تشریف لائے۔ جب حضور نماز سے فارغ ہو کر واپس اندرون خانہ تشریف لے جانے کے لئے میرے پاس سے گزرے تو میں نے وہ خط حضور کے کوٹ کی جیب میں ڈال دیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضور کی دعا کو قبول فرمایا اور میں پاس ہو گیا۔

